سوال

(620)ڈاڑھی رنگنے کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ڈاڑھی رنگنے کا کیا حکم ہے عموماً بتایا جاتا ہے کہ مجاہدین کو ڈاڑھی رنگنا چاہیے بلکہ خضاب بھی لگا سکتے ہیں اور کسی کے لیے جائز نہیں۔ (شاہجہان ملک) (۱۲ نومبر ۱۹۹۹ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ڈاڑھی رنگنا مستحب ہے لیکن خالص سیاہ کرنے سے بچنا چاہیے اور اگر نہ بھی رنگا جائے تو جواز ہے۔ اس بارے میں وارد دلائل کا خلاصہ یہی ہے تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو۔ (فتح الباری : ۱۰/۳۵۱تا۳۵۶۔ باب ما یذکر فی الشیب اور باب الخضاب)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب اللباس:صفحہ:463

محدث فتویٰ